[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

Bill

*further to amend the Pakistan Electronic Media Regulatory Authority Ordinance, 2002*

**WHEREAS** it is expedient further to amend the Pakistan Electronic Media Regulatory Authority Ordinance, 2002, for the purposes given hereinafter;

It is hereby enacted as follows:-

**1. Short title and commencement.-** (1) This Bill may be called as the Pakistan Electronic Media Regulatory Authority (Amendment) Bill, 2024.

(2) It shall come into force at once.

**2. Amendment of Section 2, Ordinance XIII of 2002.-** In the Pakistan Electronic Media Regulatory Authority Ordinance, 2002, hereinafter referred to as the said Ordinance, in section 2;

(i) After paragraph (a), the following new paragraphs (ab) and (ac), shall be inserted, namely.-

"(ab) **"Against the Culture of Pakistan"** means content that undermines the social, cultural, and ethical values of Pakistan, including content that promotes un-Islamic lifestyles, obscenity, or disrespect for Pakistan's rich cultural heritage and traditional values;"

"(ac) **"Against the Norms of Islam"** means content that promotes or depicts actions, behaviors, beliefs, or speech that are contrary to the teachings of Islam, as defined by the Holy Quran and Hadith, or contradicts Islamic principles of morality, decency, and respect for religion;"

(ii) After paragraph "(va)", the following new paragraph "(vb)" shall be inserted, namely.-

"(vb) **"Unethical Content"** means content that promotes immorality, violence, vulgarity, or any activity that contradicts accepted societal norms and values, and disrupts public peace and order;".

**3. Insertion of new section 5A, Ordinance XIII of 2002.-** In the said Ordinance, after section 5, the following new section 5A shall be added, namely.-

"**5A. Power to censor, suspend, or restrict any content.-** (1) The Authority shall have the power to censor, suspend, or restrict any content that it deems unethical, against the

norms of Islam or offensive to the culture of Pakistan. This includes, but is not limited to.-

(a) **Vulgarity and Obscenity**: Content that promotes indecent or sexually explicit material;

(b) **Blasphemy and Religious Insensitivity**: Content that insults or misrepresents religious figures, symbols, or practices, including those of Islam and other religions in Pakistan;

(c) **Promotion of Un-Islamic Values:** Content that promotes lifestyles or beliefs that are not aligned with Islamic teachings, such as the portrayal of drugs, alcohol, or immoral behavior; and

(d) **Cultural Harm:** Content that promotes or glorifies practices, languages, or traditions that are contrary to Islamic and cultural heritage of Pakistan, or that incites division, hatred, or violence based on cultural or religious identity;

(2) For the purpose of sub-section (1), the Authority shall establish a Censorship Review Board which will be responsible for reviewing flagged content and recommending actions such as censorship, modification, or removal based on national cultural, religious, and moral standards.

(3) In determining whether content falls within the scope of this section, the Authority shall consider,

(a) the moral and cultural values of Pakistani society;
(b) Islamic principles of modesty, dignity, and respect for religion; and
(c) the content's potential impact on social harmony, public order, and the protection of the family unit.

(4) The Board shall be composed of legal experts, religious scholars, and cultural advisors to ensure that decisions are aligned with national values."

**4. Insertion of new section 29B, Ordinance XIII of 2002.-** In the said Ordinance, after section 29A, the following new section "29B" shall be added namely:-

"**29B. Sanctions for Violating Censorship Guidelines.-** (1) Any media organization found in violation of the censorship provisions under Section 5A, shall face sanctions, including but not limited to:

(a) Authority may impose any fine based on the severity of the violation and the reach of the content;

(b) in cases of repeated violations or particularly egregious content, the Authority may suspend or revoke the broadcasting or operating license of the violator; and

(c) in cases where specific content is found to be offensive, the Authority may order the removal or temporary suspension of the offending material.

(2) The Censorship Review Board shall provide recommendations to the Authority on the appropriate penalties to be imposed based on the nature of the violation."

5. **Insertion of new section 36A, Ordinance XIII of 2002.-** In the said Ordinance, after section 36, the following new section 36A shall be added, namely:-

"**36A. Media Literacy and Public Awareness.-** (1) the Authority shall initiate programs to educate the public, especially youth, on media literacy and the impact of media on social norms, values, and behavior.

(2) The Authority shall collaborate with educational institutions and civil society organizations to raise awareness about importance of responsible media consumption, with a particular focus on Islamic ethics and national culture."

## Statement of Objects and Reasons

This Bill seeks to amend the Pakistan Electronic Media Regulatory Authority Ordinance, 2002 to introduce provisions for the censorship of media content that is deemed unethical, contrary to the norms of Islam, or offensive to the culture of Pakistan. The proposed amendments will empower PEMRA to enforce content regulations based on Islamic teachings, national values, and public morality, and provide a framework for dealing with violations through fines, license suspensions, and other penalties.

The Bill introduces a Censorship Review Board that will review flagged content and recommend appropriate actions, while ensuring that the review process is transparent and based on expert opinions. The Bill promotes media literacy and public awareness to ensure that the public, particularly the youth, are educated about the impact of media content on social norms and cultural values.

**SD/-**
**MS. ASIYA NAZ TANOLI**
Member, National Assembly

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

## پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی آرڈیننس، ۲۰۰۲ء میں مزید ترمیم کرنے کا

## بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی آرڈیننس، ۲۰۰۲ء میں مزید ترمیم کی جائے؛

لہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ۔** (۱) بل ہذا پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **آرڈیننس نمبر ۱۳ بابت ۲۰۰۲ء کی دفعہ ۲ کی ترمیم۔** پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی آرڈیننس، ۲۰۰۲ء (نمبر ۱۳ بابت ۲۰۰۲ء) بعد ازیں جس کا حوالہ مذکورہ آرڈیننس کے طور پر دیا گیا ہے، میں دفعہ ۲ میں؛

(i) پیرا "(الف)" کے بعد حسب ذیل نئے پیرا جات "(الف ب)" اور "(الف ج)" شامل کر دیئے جائیں گے، یعنی:۔

"(الف ب) **پاکستان کی ثقافت کے برخلاف:** مواد جو پاکستان کی سماجی، ثقافتی اور اخلاقی اقدار کی نفی کرتا ہے بشمول ایسا مواد جو غیر اسلامی طرز زندگی، عریانی یا پاکستان کے زرخیز ثقافتی ورثے اور روایتی اقدار کی تضحیک کو فروغ دیتا ہے؛"

"(الف ج) **اسلامی اصولوں کے برخلاف:** مواد جو ایسے اقدام، رویے، اعتقاد یا تقریر جو قرآن پاک اور حدیث کے ذریعے تعریف کردہ اسلامی تعلیمات کے منافی ہو، کی ترویج یا عکاسی کرتا ہے، یا اخلاق، شائستگی کے اسلامی اصولوں اور احترام مذہب سے انکار کرتا ہے؛"

(ii) پیرا "(v/الف)" کے بعد حسب ذیل نیا پیرا (v ب) شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(v ب) **غیر اخلاقی مواد:** مواد جو بداخلاقی، تشدد، فحاشی یا کسی سرگرمی جو قبول شدہ معاشرتی روایات اور اقدار کی نفی کرتا ہے اور امن عامہ کو خراب کرتا ہے؛"۔

۳۔ **آرڈیننس نمبر ۱۳ بابت ۲۰۰۲ء، دفعہ ۵/الف کی شمولیت۔** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۵ کے بعد حسب ذیل نئی دفعہ "۵/الف" کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۵/الف۔ **کسی بھی مواد کو سنسر، معطل یا پابندی عائد کرنے کا اختیار:۔** (۱) اتھارٹی کے پاس کسی بھی مواد کو سنسر، معطل یا پابندی عائد کرنے کا اختیار ہوگا جسے وہ غیر اخلاقی، اسلام کے اصولوں کے خلاف یا پاکستان کی ثقافت کے لئے ناپسندیدہ خیال کرے۔ اس میں حسب ذیل شامل ہیں لیکن ان تک محدود نہیں ہے۔

(الف) **فحاشی و عریانی**: ایسا مواد جو بے حیائی یا جنسی طور پر عریاں مواد کو فروغ دیتا ہے؛

(ب) **توہین مذہب و مذہبی عدم حساسیت**: ایسا مواد جو پاکستان میں اسلام اور دیگر مذاہب سمیت مذہبی شخصیات، علامات یا طور طریقوں کی توہین یا غلط بیانی کرتا ہے؛

(ج) **غیر اسلامی اقدار کا فروغ**: ایسا مواد جو ایسی طرز زندگی یا عقائد کو فروغ دیتا ہے جو کہ اسلامی تعلیمات سے ہم آہنگ نہیں ہیں جیسا کہ منشیات، شراب یا غیر اخلاقی رویے کی تصویر کشی؛ اور

(د) **ثقافتی نقصان**: ایسا مواد جو ایسے طور طریقوں، لسانیات یا روایات کو فروغ دیتا ہے جو کہ پاکستان کے اسلامی اور ثقافتی ورثہ کے خلاف ہیں یا جو ثقافت یا مذہبی شناخت کی بنیاد پر تقسیم، نفرت یا تشدد پر اکساتا ہے؛

(۲) ذیلی دفعہ (۱) کی اغراض کے لیے اتھارٹی ایک سنسر شپ ریویو بورڈ تشکیل دے گی جو مخصوص مواد کا قومی، ثقافتی، مذہبی اور اخلاقی بنیادوں پر جائزہ لینے اور سنسر شپ، ترمیم اور ہٹانے جیسے اقدامات کی سفارش کرنے کا ذمہ دار ہوگا۔

(۳) اس بات کا تعین کرنے کہ آیا مواد دفعہ ہذا کے دائرہ کار کے تحت آتا ہے، اتھارٹی درج ذیل کو ملحوظ خاطر رکھے گی،

(الف) پاکستانی معاشرے کی اخلاقی اور ثقافتی اقدار؛

(ب) شرم و حیا، وقار اور احترام مذہب کے اسلامی اصول؛ اور

(ج) سماجی ہم آہنگی، امن عامہ اور خاندانی اکائی کے تحفظ پر مواد کا ممکنہ اثر۔

(۴) بورڈ قانونی ماہرین، مذہبی اسکالرز اور ثقافت کے مشیروں پر مشتمل ہوگا تا کہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ فیصلے قومی اقدار سے مطابقت رکھتے ہوں۔"

۴۔ **آرڈیننس نمبر ۱۳ بابت ۲۰۰۲ء میں نئی دفعہ ۲۹ب کی شمولیت**۔ مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۲۹/الف کے بعد درج ذیل نئی دفعہ "۲۹ب" کا اضافہ کیا جائے گا، یعنی:۔

**۲۹ب۔ سنسر شپ کے رہنما اصولوں کی خلاف ورزی کرنے پر پابندیاں**: (۱) دفعہ ۵/الف کے تحت سنسر شپ کی تصریحات کی خلاف ورزی کرنے والے میڈیا کے کسی بھی ادارے کو پابندیوں کا سامنا کرنا پڑے گا: جو درج ذیل پر مشتمل ہوں گی مگر ان تک محدود نہیں ہوں گی:

(الف) اتھارٹی خلاف ورزی کی شدت اور مواد کے پھیلاؤ کی بنیاد پر کوئی بھی جرمانہ عائد کر سکتی ہے؛

(ب) بار بار خلاف ورزیوں یا بالخصوص قابل اعتراض مواد کے کیسز میں، اتھارٹی اخلاف ورزی کرنے والے کا براڈ کاسٹنگ یا آپریٹنگ لائسنس معطل یا منسوخ کر سکتی ہے؛ اور

(ج) کسی مخصوص مواد کے اخلاقی طور پر ناپسندیدہ پائے جانے کے کیسز میں اتھارٹی ناپسندیدہ مواد ہٹانے یا اس کی عارضی معطلی کا حکم دے سکتی ہے۔

(۲) سنسر شپ جائزہ بورڈ خلاف ورزی کی نوعیت کی بنیاد پر اتھارٹی کو موزوں جرمانے عائد کرنے سے متعلق سفارشات پیش کرے گا۔"

۵۔ **آرڈیننس نمبر ۱۳ بابت ۲۰۰۲ء، نئی دفعہ ۳۶/الف کی شمولیت:** مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ "۳۶/الف" کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

**"۳۶/الف۔ میڈیا لٹریسی اور عوامی آگاہی:۔** (۱) اتھارٹی میڈیا لٹریسی اور سماجی اقدار، معیارات اور رویوں پر میڈیا کے اثرات سے متعلق، بالخصوص نوجوان نسل کو آگاہ کرنے کے لیے پروگراموں کا آغاز کرے گی۔

(۲) اتھارٹی اسلامی اقدار اور قومی ثقافت پر خصوصی توجہ مرکوز کرتے ہوئے میڈیا کے ذمہ دارانہ استعمال کی اہمیت کے بارے میں آگاہی میں اضافہ کرنے کے لیے تعلیمی اداروں اور سول سوسائٹی کی تنظیموں کے ساتھ اشتراک کرے گی۔"

## بیان اغراض و وجوہ

یہ بل پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی آرڈیننس، ۲۰۰۲ء میں ترمیم کرنے کی کوشش کرتا ہے تاکہ میڈیا کے مواد کی سنسر شپ کے لئے ایسی دفعات متعارف کرائی جائیں جو غیر اخلاقی، اسلام کے اصولوں کے منافی یا پاکستان کی ثقافت کے لئے جارحانہ سمجھی جائیں۔ مجوزہ ترامیم پیمرا کو اسلامی تعلیمات، قومی اقدار اور عوامی اخلاقیات پر مبنی مواد کے ضوابط کو نافذ کرنے اور جرمانے، لائسنس کی معطلی اور دیگر سزاؤں کے ذریعے خلاف ورزی سے نمٹنے کے لئے فریم ورک فراہم کرنے کا اختیار دیں گی۔

بل میں ایک سنسر شپ ریویو بورڈ متعارف کرایا گیا ہے جو نامناسب مواد کا جائزہ لے گا اور مناسب اقدامات کی سفارش کرے گا جبکہ اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ جائزہ لینے کا عمل شفاف اور ماہرین کی رائے پر مبنی ہو۔ یہ بل میڈیا کی خواندگی اور عوامی بیداری کو فروغ دیتا ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ عوام خاص طور پر نوجوان، سماجی اصولوں اور ثقافتی اقدار پر میڈیا کے مواد کے اثرات کے بارے میں آگاہ ہیں۔

دستخط/۔

**آسیہ ناز تنولی**

**رکن، قومی اسمبلی**